***08-10-2023***

***21.15 Hrs***

***HL***

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ..................آفتاب احمد

**Music**

☆ اسرائیلی فوجوں اور فلسطینی گروپ حماس کے درمیان لڑائی میں شدت آگئی ہے۔ دونوں طرف 800 سے زیادہ لوگ ہلاک ہوچکے ہیں۔ لبنان کا حزب اللہ دہشت گرد گروپ بھی حماس کے ساتھ یکجہت ہوگیا ہے۔ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل نے اِس سلسلے میں ہنگامی میٹنگ طلب کی ہے۔

☆ ایئر انڈیا نے تل ابیب سے آنے اور جانے والی پروازیں، ہفتے تک منسوخ کر دی ہیں۔

☆ سکّم کے سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں راحت اور بچاؤ کا کام پوری طرح جاری ہے۔ یہاں مرنے والوں کی تعداد 33 تک پہنچ گئی ہے۔

☆ بھارتی فضائیہ کے دن کے موقع پر، ملک کی صلاحیتوں کو نمایاں کرنے کیلئے، پریاگ راج میں سنگم علاقے پر ایک فضائی شو کا انعقاد کیا گیا۔

☆ چین کے ہنگ چو میں، 19 ویں ایشیائی کھیل اختتام پذیر ہوئے۔

☆ اور ICC عالمی کپ میں چنئی کے ایم اے چدمبرم اسٹیڈیم میں بھارت اور آسٹریلیا کے درمیان میچ جاری ہے۔

**(Music)**

---------------------------------

اب خبریں تفصیل سے

***Rev Israel Hamas***

غزہ کے قریب اسرائیلی علاقے میں، اسرائیلی فوج اور فلسطینی گروپ حماس کے درمیان لڑائی میں، آج اور شدت آگئی ہے۔ دونوں ہی طرف تقریباً ایک ہزار جانیں تلف ہونے کی اطلاعات ہیں۔ کل حماس کے دہشت گردوں

نے بہت سے راکٹ حملے کیے اور اسرائیل پر ایک اچانک حملے میں یہ لوگ اسرائیل میں زبردستی داخل ہوئے۔

لبنان کے، ایران کی حمایت والے حزب اللہ گروپ نے کہا ہے کہ اُس نے لڑائی والے ایک سرحدی علاقے میں اسرائیلی ٹھکانوں پر بہت سے گولے اور گائیڈڈ میزائل داغے ہیں۔ گروپ نے بتایا کہ یہ حملہ، حماس کی طرف کیے گئے حملے کی حمایت میں کیا گیا ہے۔

اسرائیل کی فوج نے اِس کے جواب میں لبنان کے علاقوں پر فائرنگ کی ہے اور حزب اللہ تحریک کو خبردار کیا ہے کہ وہ اِس لڑائی میں شامل نہ ہو۔

اسرائیلی حکومت نے بتایا ہے کہ کل سے اب تک 600 سے زیادہ اسرائیلی ہلاک ہوچکے ہیں۔ اس نے یہ بھی بتایا کہ 100 سے زیادہ افراد کو یرغمال بنا کر رکھا گیا ہے اور 2 ہزار سے زیادہ لوگ زخمی ہوئے ہیں۔

اِدھر فلسطینی حکام کے مطابق اسرائیل کے اِن فضائی حملوں میں غزہ پٹی میں کم سے کم 370 افراد ہلاک ہوچکے ہیں۔ اس کے علاوہ تقریباً دو ہزار لوگ زخمی بھی ہوئے ہیں۔

اسی دوران اسرائیل کی کابینہ نے آج چالیسویں شِق Aleph کا اطلاق کر دیا ہے، جس کے تحت جنگ کا باقاعدہ اعلان کر دیا گیا ہے۔

اِس شِق کا اطلاق، 1973 میں Yom Kippur جنگ کے بعد سے اب تک پہلی بار کیا گیا ہے۔

اُدھر اسرائیل کے وزیر اعظم بنجامن نتن یاہو نے اعلان کیا ہے کہ ملک، جنگ کی حالت میں ہے۔ انھوں نے بڑے پیمانے پر فوج کی نقل و حرکت کیلئے کہا ہے۔ بقول اُن کے، اسرائیل کیلئے یہ دن یومِ سیاہ تھا اور انھوں نے اس کا بدلہ لینے کی قسم کھائی ہے۔

اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل نے آج رات ایک ہنگامی میٹنگ طلب کی ہے۔

اِس جنگ کے اثرات، مصر سمیت دنیا کے دیگر علاقوں میں بھی دیکھے جاسکتے ہیں جیسا کہ ایک پولیس اہلکار نے الیگزینڈریا میں دو اسرائیلی سیاحوں اور اُن کے مصری ٹور گائیڈس کو گولی مار کر ہلاک کر دیا۔

امریکی وزیر خارجہ اینٹنی بلنکن نے کہا کہ امریکی حکومت کو، اسرائیل میں بہت سے امریکیوں کی موت کے بارے میں اطلاعات موصول ہوئی ہیں اور حکام، اِن خبروں کی تصدیق کی کوشش کر رہے ہیں۔ انھوں نے بتایا کہ امید ہے کہ امریکہ آج دیر گئے، اسرائیل کیلئے ضرورت کے مطابق تازہ فوجی امداد کی تفصیلات بتائے۔

عالمی رہنماؤں نے، حماس دہشت گرد گروپ کی طرف سے، اسرائیل پر کیے گئے اِس وحشیانہ حملے کی مذمت کی ہے۔

امریکی صدر جوبائیڈن نے اسرائیل کا پوری طرح ساتھ دینے اور اپنی پوری حمایت کا اظہار کیا ہے۔ انھوں نے اسرائیل کے کسی بھی مخالف فریق کو خبردار کیا ہے کہ وہ اِس صورتحال سے فائدہ اٹھانے کی کوشش نہ کرے۔

وزیر اعظم نریندر مودی نے اسرائیل کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کیا ہے اور کہا ہے کہ بے قصور متاثرین اور اُن کے کنبوں کے ساتھ بھارت کی پوری ہمدردی ہے۔ x

## Flight Cancelled

ایئر انڈیا نے تل ابیب جانے اور آنے والی پروازیں 14 اکتوبر تک کیلئے منسوخ کردیئے ہیں۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں ایئر لائن نے کہا کہ تل ابیب جانے اور آنے والی اُس کی پروازیں مسافروں اور عملے کے تحفظ کے پیش نظر ہفتے کے روز تک منسوخ رہیں گی۔ ایئر لائن نے مزید کہا کہ وہ اُن مسافروں کو ہر ممکن مدد فراہم کرے گا جنھوں نے اِس مدت کے دوران اپنی بکنگ کرائی ہے۔x

## Sikkim Flood

داخلی امور کے مرکزی وزیر مملکت اجے کمار مشرا نے آج سکم کے سیلاب سے متاثرہ Mangan ضلع کا دورہ کیا۔ انھوں نے متاثرہ لوگوں اور خاص طور پر اصل آبادی سے کٹے ہوئے علاقے کے لوگوں کو مدد اور تعاون کا یقین دلایا۔ انھوں نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی لگاتار صورتحال پر نظر رکھے ہوئے ہیں۔ وزیر اعلیٰ پریم سنگھ تمانگ نے بھی Phidang پُل کے آس پاس کے سیلاب سے متاثرہ علاقوں کا دورہ کیا اور عوام سے بات چیت کی۔ انھوں نے متاثرہ لوگوں کو ہر ممکن امداد اور تعاون کا یقین دلایا۔ اشیا کے نقل وحمل کیلئے مقامی باشندوں کے ذریعے ایک Zip Lin یعنی رسی کا پُل بنانے کیلئے اُن کی ستائش کرتے ہوئے انھوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ ایک ساتھ مل کر کام کرتے رہیں۔

یہ بات قابل ذکر ہے کہ حالیہ سیلاب کی وجہ سے Dzongu کا علاقہ الگ تھلگ پڑ گیا ہے کیونکہ Dzongu کو جوڑنے والے دو پُل مکمل طور پر تباہ ہوگئے ہیں۔ Chungthang کے مقام پر بانس کا ایک عارضی پُل تیار کیا گیا ہے تاکہ اُس کو Pegong سے جوڑا جاسکے۔ فوج بھی ایک دوسرا پُل بنا رہی ہے۔

سکم کی آفات ناگہانی سے نمٹنے والی ریاستی اتھارٹی کے مطابق سیلاب سے مرنے والوں کی تعداد 33 ہوگئی ہے جس میں 9 فوجی اہلکار شامل ہیں۔ 105 افراد اب بھی لاپتہ ہیں۔ 2 ہزار 563 لوگوں کو اب تک بچایا گیا ہے اور تقریباً 6 ہزار 847 افراد کو 28 امدادی کیمپوں میں رکھا گیا ہے۔ مجموعی طور پر ایک ہزار 320 مکان پوری طرح تباہ ہوگئے ہیں۔x

## Indian AIR Force

بھارتی فضائیہ نے آج اترپردیش کے شہر پریاگ راج میں اپنی 91ویں تقریب منائی۔ تقریب کے حصے کے طور پر بھارتی فضائیہ نے پریاگ راج کے Bamrauli فضائی اسٹیشن پر پریڈ کا انعقاد کیا۔ فضائیہ کے سربراہ ایئر چیف مارشل وی آر چودھری نے پریڈ کے دوران فضائیہ کے نئے پرچم کی نقاب کشائی کی۔ پریاگ راج کے سنگم علاقے میں ایک فضائی نمائش بھی کی گئی جس میں ایک سو سے زیادہ لڑاکا ٹرانسپورٹ طیاروں نے حصہ لیا۔ رافیل لڑاکا طیاروں اور دس فضائی اڈّوں کے ہیلی کاپٹروں نے بھارتی فضائیہ کی طاقت کی نمائش کی۔x

## Rev. Asian Games

2026 میں ہونے والے ایشیائی کھیلوں کے مشعل کو Nagoya جاپان کے حوالے کیا گیا۔ آج چین کے ہانگزو اولمپکس اسٹیڈیم میں 19ویں ایشیائی کھیلوں کی اختتامی تقریب منعقد ہوئی۔ ہاکی کے کھلاڑی پی آر Sreejesh نے بھارت کی طرف سے مشعل اٹھایا۔ رنگا رنگ اختتامی تقریب میں دو ہزار سے زیادہ فنکاروں نے اپنے فن کا مظاہرہ کیا اور شرکت کرنے والے ملکوں کے درمیان محبت اور اتحاد کا جشن منایا۔

اولمپک کونسل آف ایشیاOCA کے عبوری صدر راجا سندھیر سنگھ نے پہلے ایشیائی کھیلوں کا جھنڈا، موجودہ پرچم اور مشعل جاپان کے حوالے کیا۔ اِس کے ساتھ ہی 19ویں ایشیائی کھیلوں کا اختتام ہوگیا۔ 20ویں ایشیائی کھیلوں کی میزبانی کرنے والا شہر Nagoya جاپان کی Aichi Prefecture کی راجدھانی ہے اور یہ وسطی Hanshu میں بحرالکاہل ساحل پر واقع ہے۔

Aichi Prefecture کے گورنر Hideaki Omura نے اِس تقریب میں OCA کا جھنڈا لہرایا۔

45 ملکوں کے 12 ہزار 400 سے زیادہ کھلاڑیوں نے کھیلوں کے 40 زمروں میں حصہ لیا۔ کووڈ-19 کی وجہ سے یہ کھیل ایک سال کی تاخیر سے منعقد کئے گئے تھے۔

بھارتی دستے نے ہانگزو میں 107 تمغے حاصل کئے جن میں سونے کے 28، چاندی کے 38 اور کانسے کے 41 تمغے شامل ہیں۔

2018 میں جکارتہ میں ہونے والے اِس سے پہلے کے ایشیائی کھیلوں میں بھارت صرف 70 تمغے ہی جیت سکا تھا۔ ملک نے تین اہم کھیل مقابلوں میں پہلی بار 101 تمغے حاصل کرنے کا نشانہ حاصل کیا ہے جن میں اولمپکس، دولت مشترکہ کھیل اور ایشیائی کھیل شامل ہیں۔x

### Cricket

ICC مردوں کے ایک روزہ عالمی کپ کرکٹ میں آسٹریلیا نے بھارت کے سامنے جیت کیلئے 200 رن کا نشانہ رکھا ہے۔ یہ میچ چنئی کے ایم اے چدمبرم اسٹیڈیم میں کھیلا جارہا ہے۔

پہلے بلے بازی کرتے ہوئے آسٹریلیا کی ٹیم 49 اعشاریہ تین اوور میں صرف 199 رن ہی بنا سکی۔ بھارت کی طرف سے رویندر جڈیجہ نے تین وکٹ لئے جبکہ جسپریم بمراہ اور کلدیپ یادو کو دو دو وکٹ ملے۔

آخری خبریں ملنے تک بھارتی ٹیم نے آسٹریلیا کو چھ وکٹ سے ہرا دیا۔

### Rajnath Visit

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ کل سے 12 اکتوبر تک اٹلی اور فرانس کے دورے پر ہوں گے۔ دو ملکوں کے اپنے دورے کے پہلے مرحلے میں وزیر موصوف روم میں اٹلی کے وزیر دفاع Guido Crisetto سے ملاقات کریں گے۔ بھارت اور اٹلی کے درمیان تعلقات کو اِس سال اٹلی کے وزیر اعظم کے بھارت دورے کے دوران کلیدی شراکت داری کی سطح تک پہنچایا گیا تھا۔

دورے کے دوسرے مرحلے میں جناب سنگھ پیرس میں اپنے ہم منصب، فرانس کے مسلح افواج کے وزیر Sebastion Lecornu کے ساتھ پانچویں سالانہ دفاعی مذاکرات کریں گے۔ بھارت اور فرانس نے حال ہی میں کلیدی شراکت داری کے 25 سال مکمل کئے ہیں۔x

### Cooperation ARDBs Scheme

امدادی باہمی کی مرکزی وزارت نے، سبھی ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کی، امداد باہمی کی سوسائٹیوں کے رجسٹرارز نیز ایک ہزار 851، زرعی اور دیہی ترقیاتی بینکوں کے کام کاج کو پوری طرح کمپیوٹر کے ذریعے انجام دینے کا اہل بنانے کا فیصلہ کیا ہے۔

زرعی قرضوں سے متعلق سبھی ابتدائی سوسائٹیوں PACS کی، سبھی کام کاج، کمپیوٹر کے ذریعے انجام دیئے جانے کی اسکیم کی طرز پر، مرکز کی طرف سے جاری کی گئی ایک اسکیم کو منظوری دی گئی ہے۔ اِس اسکیم کے مطابق 13 ریاستوں میں زرعی اور دیہی ترقیاتی بینکوں کے کام کاج کو پوری طرح کمپیوٹر کے ذریعے انجام دیا جائے گا۔

امداد باہمی کی وزارت نے ایک بیان میں کہا ہے کہ پروجیکٹ پر قریبی نظر رکھنے والا ایک مرکزی یونٹ قائم کیا جائے گا، جو اسکیم پر عمل در آمد کی کامیابی کیلئے کام کرے گا۔ اس اسکیم پر کُل خرچہ تقریباً 225 کروڑ روپے آئے گا۔ x

### Gadkari

سڑک ٹرانسپورٹ اور شاہراہوں کے وزیر نتن گڈکری نے آج کہا ہے کہ جموں وکشمیر میں ڈھائی سو میٹر طویل پُل کے ساتھ ساتھ 395 میٹر طویل Maroge سرنگ کی تعمیر کا کام کامیابی کے ساتھ پورا ہوگیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب گڈکری نے کہا کہ یہ پروجیکٹ 82 کروڑ روپئے کی تخمینی لاگت سے تعمیر کیا گیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ یہ بنیادی ڈھانچہ قومی شاہراہ 44 کے رام بَن سے بانیہال سیکشن پر واقع ہے۔ اس سے آمد ورفت کی دوری نہ صرف 200 میٹر کم ہوگی بلکہ یہ مشہور سیتارام پاسی علاقے سے گذرتے ہوئے ایک متبادل راستہ بھی فراہم کرے گا۔ جناب گڈکری نے مزید کہا کہ اس سے گاڑیوں کی آمد ورفت میں بھی آسانی ہوگی۔x

### India Saudi Arabia

بھارت اور سعودی عرب نے آج ایک مفاہمت نامے پر دستخط کیے ہیں۔ یہ مفاہمت نامہ، الیکٹریکل انٹر کنکشنز، ماحول کیلئے سازگار اور صاف ستھری ہائیڈروجن، نیز سپلائی چین کیلئے کیا گیا ہے۔ مفاہمت نامے پر دستخط، بجلی اور نئی و قابل تجدید توانائی کے مرکزی وزیر آر کے سنگھ اور سعودی عرب سرکار کے وزیر توانائی عبد العزیز بن سلمان السعود نے، ریاض میں کیے۔

دستخط کی یہ تقریب، مشرق وسطیٰ اور شمالی افریقہ (Mena) کے، آب و ہوا سے متعلق ہفتے کی سرگرمیوں سے الگ منعقد کی گئی۔ اس مفاہمت نامے کا مقصد، دونوں ملکوں کے درمیان الیکٹریکل کنکشن، زیادہ کھپت اور ہنگامی اوقات کے دوران بجلی کے لین دین اور ماحول کیلئے سازگار و صاف ستھری ہائیڈروجن نیز قابل تجدید توانائی، مِل کر تیار کرنے کے میدانوں میں تعاون کے مقصد سے ایک عام فریم ورک قائم کرنا ہے۔

مفاہمت نامے کا مقصد، محفوظ، قابل انحصار اور صورتحال کے مطابق کارکردگی انجام دینے والی سپلائی چین بھی تشکیل دینا ہے۔ x

### Rev. Laddakh Result TS

لداخ خود مختار پہاڑی ترقیاتی کونسل کارگل میں نیشنل کانفرنس نے 12، کانگریس نے 9، BJP نے دو اور آزاد امیدواروں نے 2 سیٹوں پر کامیابی حاصل کی ہے۔شارگول حلقے کے نتیجے کا انتظار ہے۔

موجودہ چیف ایگزکیٹیو کونسلر فیروز احمد خان، کانگریس صدر ناصر منشی، سابق ایگزکیٹیو کونسلر پُن چوک کاشی کامیابی حاصل کرنے والے اہم امیدواروں میں شامل ہیں۔ عوام نے زیادہ تر نوجوان امیدواروں کو کامیاب بنایا ہے۔x

## CBI Bengal Minister

مغربی بنگال میں CBI نے آج 12 مقامات پر چھاپے ماری کی جن میں سینئر وزیر فرہاد حکیم اور TMC ایم ایل اے مدن مترا کے رہائش گاہ شامل ہیں۔ ریاست میں بلدیاتی اداروں کے ذریعے بھرتی کے عمل میں مبینہ بے ضابطگیوں کی تفتیش کے سلسلے میں یہ چھاپے مارے گئے ہیں۔ فرہاد حکیم، شہری ترقی اور میونسپل امور کے وزیر کے ساتھ ساتھ کولکاتہ کے میئر بھی ہیں۔x

## Tanzanian Prez India

تنزانیہ کی صدر سامعہ صلوحو حسن، آج بھارت کے چار روزہ سرکاری دورے پر نئی دلّی پہنچ گئی ہیں۔ صدر کا عہدہ سنبھالنے کے بعد یہ بھارت کا اُن کا پہلا دورہ ہے۔ ہوائی اڈہ پہنچنے پر اُن کا استقبال، تعلیم کی مرکزی وزیر مملکت اَنپورنا دیوی نے کیا۔

تنزانیہ کی صدر کو کل راشٹرپتی بھون کے صحن میں باقاعدہ استقبالیہ دیا جائے گا۔ اِس کے بعد وہ راج گھاٹ پر گل دائرہ نذر کرنے کی ایک تقریب میں شرکت کریں گی۔ وہ، وزیر اعظم نریندر مودی سے تفصیلی دو طرفہ مذاکرات کریں گی۔

شام کے وقت وہ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو سے ملیں گی۔ تنزانیہ کی صدر سامعہ صلوحو حسن کے اعزاز میں، صدر جمہوریہ مرمو، ایک سرکاری ضیافت کا بھی اہتمام کریں گی۔

منگل کو تنزانیہ کی صدر، تجارت اور سرمایہ کاری سے متعلق ایک فورم میں شرکت کریں گی۔

تنزانیہ کی صدر کا یہ دورہ، آٹھ سال کے عرصے کے بعد کیا جا رہا ہے۔ ان کے دورے سے بھارت اور تنزانیہ کے درمیان تاریخی اور دوستانہ تعلقات کو مزید تقویت اور استحکام حاصل ہوگا۔ x

## TN Cracker Explosion

تمل ناڈو کے وزیر صحت ایم سبرامنیم نے آج بینگلورو کا دورہ کیا، جہاں کل آتش بازی کے دھماکے میں 14 لوگ ہلاک ہوگئے تھے۔

اِن ہلاک شدگان کے کنبوں سے ملاقات کے بعد میڈیا سے بات کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ اِس معاملے کی تفتیش جاری ہے۔ انھوں نے کہا کہ اِن لوگوں کی لاشوں کو اُن کے متعلقہ ضلعوں میں پہنچانے کے انتظامات کیے جا رہے ہیں۔

اِن نوجوانوں کا تعلق، دھرم پوری اور کرشنا گری ضلعوں سے تھا اور یہ وہاں اجرت پر کام کر رہے تھے۔ جناب

سبرانیم نے کہا کہ اِس حادثے میں مرنے والوں کے لواحقین کو تین تین لاکھ روپے، شدید زخمیوں کو ایک ایک لاکھ روپے اورمعمولی طور پر زخمی ہونے والوں کو پچاس پچاس ہزار روپے کی امدادی رقم دی جائے گی۔ x

### AFGHANISTAN QUAKE

افغانستان میں طاقتور زلزلے سے مرنے والوں کی تعداد دو ہزار تک پہنچ گئی ہے۔ مقامی حکام کے مطابق مرنے والوں کی تعداد بڑھ سکتی ہے کیونکہ بہت سے لوگوں کا ملبے میں دَبے ہونے کا اندیشہ ہے۔ انسانی امور کی تال میل سے متعلق اقوام متحدہ کے دفتر نے کہا ہے کہ کم از کم 465 مکانات تباہ ہوئے ہیں اور 135 مکانوں کو نقصان پہنچا ہے۔ عالمی صحت تنظیم نے کہا ہے کہ WHO کے ایمبولینس متاثرہ لوگوں کے نقل وحمل میں لگے ہوئے ہیں جن میں زیادہ تر بچے اور خواتین ہیں۔

مغربی شہر ہیرات سے تقریباً 40 کلو میٹر دور کُل 6 اعشاریہ تین کی شدت کا زلزلہ آیا تھا۔ اُس کے بعد زلزلے کے کم از کم تین جھٹکے بھی محسوس کئے گئے تھے۔x

☆☆☆☆